**19.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شبانہ رحمان

**Music**

---------------------------------------------------

☆ بھارت 2040 تک اپنا خود کا خلائی اسٹیشن قائم کرنے اور چاند پر خلا باز بھیجنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج صبح سنیتاولیمس اور دیگر کی بحفاظت واپسی پر ناسا کی ٹیم کو مبارک باد دی ہے۔

☆ پنجاب کے احتجاج کررہے کسانوں اور مرکز کے نمائندوں کے درمیان بات چیت پھر شروع ہوگئی ہے، جس میں ریاستی حکومت بھی شامل ہے۔

☆ داخلی امور کے وزیرمملکت نتیانند رائے نے کہا کہ مرکز دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سخت اقدامات کررہا ہے۔

☆ اور : بیڈمنٹن میں سوئٹزرلینڈ میں بھارت کی ترِیسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی سوئس اوپن کے خواتین کے ڈبلز کے دوسرے دور میں پہنچ گئی ہیں۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**LS JITENDRA SPACE**

بھارت نے بھارت **Antrariksh** اسٹیشن نام کا اپنا خودکا خلائی اسٹیشن قائم کرنے کا منصوبہ تیار کیاہے اور اگر سب کچھ منصوبے کے مطابق ہوا تو بھارت کا ایک خلاباز 2040 تک چاند پر اترے گا۔وزیراعظم کے دفتر میں وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندرسنگھ نے آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کے جواب دیتے ہوئے یہ اطلاع دی۔ جناب سنگھ نے کہا کہ چندریان۔4 کو دولانچ وہیکل کے ذریعے چھوڑا جائے گا اور اس کے پانچ حصے ہوں گے۔ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ گگن یان کے چار چنے ہوئے خلابازوں کو لوگوں کی نظروں سے کیوں دور رکھا گیا ہے، جناب سنگھ نے کہاکہ ایسا اس لئے کیاگیاہے تاکہ ان کی توجہ نہ ہٹے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گگن یان کی آزمائشی پرواز ایک خاتون روبوٹ کے ساتھ اس سال کے آخر میں شروع کی جائے گی۔

**REACTOPMS CREW-9**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے Crew 9 مشن کی زمین پر بحفاظت واپسی پر ناسا کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرمرمو نے کہا کہ بھارت کی بیٹی سنیتا ولیمس اور ان کے ساتھی خلابازوں نے اپنی استقامت، لگن اور اٹوٹ جذبے سے ہرایک کو حوصلہ بخشا ہے۔صدرجمہوریہ نے خلابازوں کی مضبوط عزم کی ستائش کی اور ان کی اچھی صحت کی دعا کی۔

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے بھی سنیتاولیمس سمیت ناسا کے Crew 9 کو زمین پر بحفاظت واپس آنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر دفاع نے کہا کہ بھارت کی بیٹی سنیتاولیمس اور دوسرے خلابازوں پر مشتمل عملے کے افراد نے انسانی تحمل اور استقامت کی ایک نئی تاریخ رقم کی ہے۔ انہوں نے Crew کی لگن کی تعریف کی اور خلائی تحقیق کیلئے اسے فخر کا لمحہ قرار دیا۔سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیرمملکت جتیندرسنگھ نے بھی سنیتاولیمس کی واپسی کو فخر کا لمحہ قرار دیاہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ بھارت کی اس ہونہار بیٹی کی بحفاظت واپسی کا پوری دنیا جشن منارہی ہے۔

**PM-SUNITA WILLIAMS**

وزیراعظم نریندر مودی نے Crew 9 مشن کے زمین پر بحفاظت واپسی کو یقینی بنانے کیلئے کی جانے والی انتھک کوششوں کی ستائش کی ہے اور مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ سُنیتاولیمس اور Crew 9 خلانوردوں نے ایک بار پھر دکھادیا ہے کہ استقلال اور استقامت کے حقیقت میں کیا معنیٰ ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اس سلسلے میں ان کا غیر متزلزل عزم ہمیشہ لاکھوں لوگوں کوتحریک دیتا رہے گا۔ سنیتا ولیمس کے جذبے اور کوششوں کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ سنیتا ولیمس نے اپنے پورے کریئر میں اس جذبے کی ایک مثال پیش کی ہے۔×

**ASTRONAUTS REHABILITATION**

ناسا کے خلابازوں سنیتاولیمس اور Buch Wilmore نے خلا میں 9 مہینے گزارنے کے بعد بازآبادکاری کا 45 روزہ پروگرام شروع کردیاہے تاکہ زمین کی کشش سے مطابقت حاصل کرنے میں ان کی مدد کی جاسکے۔دونوں خلا باز آج صبح بحفاظت زمین پر واپس آئے ہیں۔ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن ISS پر اپنے طویل قیام کے بعد خلابازوں کو جسمانی طورپر اس طرح تیار کرنا ہوگا کہ ان کی بے وزن ہونے کی حالت کوختم کیا جاسکے۔ طویل عرصے تک Microgravity میں رہنے کے بعد انسانی جسم کوکئی طرح کے چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جن میں Aerobic کی صلاحیتوں، پٹھوں کی طاقت، استقامت، توازن، تال میل، Bone Density اور Neuro-Vestibular Function میں کمی شامل ہیں۔ ان اثرات سے نمٹنے کیلئے ماہرین نے خلابازوں کی جسمانی صحت کو بحال کرنے کی غرض سے ایک پروگرام تیار کیاہے۔

بازآبادکاری کے پروگرام کو تین مرحلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا مرحلہ زمین پر اترنے کے دن سے شروع ہوتا ہے اور اس میں حرکت پذیری، لچیلا پن اور پٹھوں کو مضبوط بنائے جانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ دوسرے مرحلے میں مخصوص ورزشیں اور **Cardiovascular** تربیت شامل ہیں، جبکہ تیسرے اور سب سے طویل مرحلے میں **Functional Development** پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ **ISS** سے روانہ ہونے کے **17** گھنٹے بعد خلابازوں کا **SpaceX Dragon Capsule** بھارتی وقت کے مطابق رات تین بجکر **27** منٹ پر زمین پر اترا۔ **Capsule** سے نکالے جانے کے بعد انہیں فوراً طبی جانچ کیلئے بھیج دیا گیا۔ اس کے بعد ان کی بازآبادکاری کا عمل شروع ہوگیا ہے۔

**RAISINA JAISHANKAR**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج رائے سینا ڈائیلاگ-**2025** میں قومی سلامتی اور کاروباری فیصلوں کے بڑھتے ہوئے امتزاج پر خطاب کیا۔ انہوں نے عالمی اقتصادی حکمت عملیوں میں تبدیلی کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ آج دنیا کاروباری فیصلے قومی سلامتی کو مدنظر رکھ کر کررہی ہے، جو کہ پہلے نہیں ہوتا تھا۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ کس طرح ممالک اب صرف لاگت کے مؤثر ہونے کے بجائے محفوظ اور قابل بھروسہ شراکت داری کو ترجیح دے رہی ہے۔

بھارت کی کاروبار سے متعلق بات چیت پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت فی الحال یوروپی یونین، برطانیہ اور امریکہ کے ساتھ تین بڑی کاروباری بات چیت میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ بھارت کے بڑے بازار، ٹیکنالوجی اور اسٹریٹجک شراکت دار ہیں۔×

**RAISINA-MARGHERITA**

خارجی امور کے وزیر مملکت **Pabitra Margherita** نے مضبوط اور مساوی شراکت داریاں قائم کرنے کے سلسلے میں عالمی اشتراک میں، عالمی خطہ جنوب کے مرکزی رول کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نئی دلّی میں رائے سینا مذاکرات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لاطینی امریکہ اور کریبیائی حصے سمیت ہم خیال شراکت داروں کے ساتھ، خاص طور سے تجارت وسرمایہ کاری کے سلسلے میں اہم امکانات کو اجاگر کیا۔

انہوں نے اس بات کا ذکر کیا کہ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ادویات اور انجینئرنگ میں بامعنی اشتراک کے فروغ سے تعلقات میں خاطر خواہ پیش رفت ہوئی ہے، جس سے عالمی خطہ جنوب کے ممالک کے درمیان یکجہتی مزید مستحکم ہوگی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ گزشتہ برس دوسری بھارت **CARICOM** سربراہ کانفرنس کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کے گیانا کے دورے کے بعد لاطینی امریکہ کے ساتھ رابطوں میں وسعت آرہی ہے۔×

**RS-TERRORISM**

حکومت نے دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی اختیار کی ہوئی ہے، جس کے سبب ملک میں دہشت گردانہ واقعات میں نمایاں کمی آئی ہے۔ آج راجیہ سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے داخلی امور کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے کہا کہ مرکز ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سخت اقدامات کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کو مزید اختیارات کے ساتھ مضبوط کیا ہے، تاکہ وہ ملک سے باہر دہشت گردی سے متعلق واقعات اور سرگرمیوں کی تحقیقات کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ NIA لندن میں بھارتی ہائی کمیشن اور San Fransisco میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل پر حملوں سے متعلق واقعات کی چھان بین کررہی ہے۔×

**PUNJAB FARMERS MEETING**

پنجاب میں احتجاج کرنے والے کسانوں اور مرکز اور ریاستی سرکار کے نمائندوں کے درمیان بات چیت کا تازہ دور آج چنڈی گڑھ میں شروع ہوگیاہے۔ زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان، کامرس کے وزیر پیوش گوئل اور صارفین کے امور کے وزیر پرہلادجوشی مرکز کی نمائندگی کررہے ہیں جبکہ پنجاب کے زراعت کے وزیر گُرمیت سنگھ Khudiyan، وزیرخزانہ ہرپال سنگھ چیما اور کابینہ وزیر چیتن سنگھ Jauramajra، پنجاب سرکار کی نمائندگی کررہے ہیں۔ پنجاب پولیس کے سربراہ گوروپادو بھی اس میٹنگ کا ایک حصہ ہیں۔

**NAGPUR DM REVIEW**

مہاراشٹر کے چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع مجسٹریٹ دلیپ سوامی نے Khuldabad میں امن وقانون کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی انتظامات کا جامع طور پر جائزہ لیا۔ انہوں نے شہریوں سے افواہوں پر دھیان نہ دینے اور ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے انتظامیہ کے ساتھ اشتراک کرنے کی اپیل کی۔ سوشل میڈیا پر کسی بھی قابل اعتراض پیغام کا پتہ چلنے پر فوراً قانون نافذ کرنے والی ایجنسی کو مطلع کرنے سے متعلق ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

Khuldabad تحصیل دفتر میں جائزہ میٹنگ کے دوران پولیس کے سپرنٹنڈنٹ وِنے کمار راٹھور نے اورنگ زیب کے مقبرے اور پورے خطے میں سکیورٹی اقدامات کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ متنازع اور فرضی پوسٹ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔×

**DMK PROTEST**

DMK کے ارکان پارلیمنٹ نے کانگریس،بائیں بازو کی پارٹیوں اور دیگر ارکان پارلیمنٹ کے ساتھ لوک سبھا اور اسمبلی

سیٹوں کی مجوزہ حدبندی کے معاملے پر آج پارلیمنٹ کے باہر احتجاج کیا۔میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے DMK کے سینئر رہنما Tiruchi Siva نے کہا کہ اگر حدبندی آبادی کی بنیاد پر کی جائے گی تو جنوبی ریاستوں کی نمائندگی کم ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ چاہتے ہیں کہ تمل ناڈو جیسی ریاستوں کے مفادات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ کام کیاجائے۔

**NIA JAMMU SEARCHES**

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA دہشت گردوں کی دراندازی سے متعلق معاملے کے سلسلے میں جموں میں مختلف مقامات پر چھاپے کی کارروائی انجام دے رہی ہے۔ NIA کے عہدیداران نے کہا ہے کہ 12 مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔ حکام کے مطابق گزشتہ برس جموں خطے میں ممنوعہ تنظیموں سے وابستہ دہشت گردوں کی دراندازی کے بارے میں معلومات کی بنیاد پر معاملہ درج کیا گیا تھا۔×

**INDIA-MALDIVES TRADE**

بھارت اور مالدیپ کے درمیان باہمی تجارت کے لین دین میں بھارتی Rupees اور مالدیپ کے Rufiyaa کے استعمال کی اجازت دی جائے گی۔ اس کے علاوہ موجودہ ایشین کلیئرنگ یونین میکنزم بھی جاری رہے گا۔ مالدیپ میں میڈیا رپورٹ نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ بھارت کے ریزرو بینک RBI نے اس حوالے سے پیر کے روز ایک سرکلر جاری کیا ہے۔ اس اقدام سے مالدیپ کو بڑے پیانے پر فائدہ پہنچنے کا امکان ہے، کیونکہ بھارت مالدیپ کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے، جس کی باہمی تجارت 548 ملین امریکی ڈالر سے تجاوز کرچکی ہے۔×

**BIHAR ED LALU**

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ ED نوکری کے بدلے زمین سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں RJD کے صدر اور بہار کے سابق وزیراعلیٰ لالو پرساد یادو سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ جناب پرساد آج صبح اپنی بیٹی اور لوک سبھا ممبر میسا بھارتی کے ساتھ تحقیقاتی افسروں کے سامنے پیش ہونے کیلئے ED کے علاقائی دفتر پہنچے۔ کل سابق وزیراعلیٰ اور ان کی اہلیہ رابڑی دیوی اپنے بڑے بیٹے تیج پرتاپ یادو کے ساتھ تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش ہوئے تھے۔×

**SHAH-CRPF DAY**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج CRPF کے یوم تاسیس 2025 کے موقع پر سینٹرل ریزرو پولیس فورس CRPF کے اہلکاروں کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ آج کا دن، اُس دن کی یاد

میں منایا جاتا ہے جب **1950** میں مذکورہ فورس کو پریسیڈنٹ کلر سے نوازا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اُن کے حوصلے اور قربانی نے محبّ وطن کی نسلوں کو تحریک دی۔ جناب شاہ نے ان جوانوں کو بھی سلام پیش کیا، جنہوں نے ملک کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دیا ہے۔×

## MP-BOAT CAPSIZE

مدھیہ پردیش میں کل شام شیوپوری میں **Mata Tila Dam** میں ایک کشتی کے ڈوب جانے کے سبب لاپتہ افراد کیلئے تلاش اور کارروائیاں جاری ہیں۔ کُل **15** میں سے **8** افراد کو بحفاظت بچالیا گیا تھا۔ اب تک پانچ لاشیں برآمد کی جاچکی ہیں، جبکہ دیگر دو کی تلاش جاری ہے۔ یہ سبھی افراد **Mata Tila Dam** پر ایک مندر میں گئے تھے۔ مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے اس حادثے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔×

## SWISS OPEN BADMINTON

بیڈمنٹن میں سوئٹزرلینڈ کے **Basel** میں بھارت کی ترِیسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی سوئس اوپن کے خواتین کے ڈبلز کے دوسرے دور میں پہنچ گئی ہے۔ بھارت کی سرکردہ جوڑی نے سوئٹزر لینڈ کی **Aline Muller** اور نیدرلینڈ کی **Kelly Van Buiten** کی جوڑی کو پہلے دور میں اکیس۔سولہ، اکیس۔سترہ سے ہرایا۔ اب کُل پری کوارٹر فائنل میں ترِیسا اور گائتری کا مقابلہ جرمنی کی جوڑی سے ہوگا۔ دیگر مقابلوں میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیت چکی پی وی سندھو آج شام خواتین سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں ڈنمارک کی **Julie Dawall Jakobsen** کا سامنا کریں گی۔ بھارت کے کدامبی سری کانت مردوں کے سنگلز کے پہلے دور میں اپنے ہم وطن کھلاڑی ایچ ایس پرونائے کا سامنا کریں گے۔×

## KHELO INDIA PARA GAMES-LAUNCH

نئی دِلّی میں کھیلو انڈیا پیرا گیمز **2025** کا ترانہ، **Mascot** اور لوگو جاری کیا گیا۔ اس موقع پر نوجوانوں کے اُمور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا موجود تھے۔ پیرا گیمز **20** مارچ سے **27** مارچ تک دِلّی میں منعقد ہوں گے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ کھیلو انڈیا پہل نے ایتھلیٹس کو ایک شاندار پلیٹ فارم دیا ہے۔ انہوں نے پیرا گیمز میں حصہ لینے والوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کھیلوں میں **1300** سے زیادہ ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆